مطبوعات

تاریخ التفسیر مصنف: جناب عبدالصمد صارم الازہری۔ ناشر: ادارۂ علمیہ دھنی رام روڈ۔ نئی انارکلی لاہور ضخامت: ۱۶۰ صفحات۔ قیمت: چھ روپے۔

جناب عبدالصمد صاحب صارم الازہری تعلیمی حلقوں کی ایک معروف شخصیت ہیں۔ آپ نے طلبہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اب تک حدیث، تفسیر، فقہ وغیرہ موضوعات پر متعدد مفید کتابیں لکھی ہیں۔ زیر نظر کتاب "تاریخ التفسیر" بھی اس سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس میں فاضل مصنف نے تفسیر، مفسرین، کتب تفاسیر اور تفسیری اصطلاحات پر اچھا مواد جمع کر دیا ہے۔

کتاب الزکاۃ مترجم: جناب غازی احمد صاحب۔ ناشر: المکتبۃ العلمیہ۔ ۱۵ ایبک روڈ لاہور۔ ضخامت: ۱۲۰ صفحات قیمت: ایک روپیہ پچاس پیسے۔

یہ کتاب ہدایہ کی کتاب الزکاۃ کا اردو ترجمہ ہے۔ طلبہ اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ معیارِ کتابت و طباعت اچھا ہے۔

بدایۃ المجتہد (ترجمہ و تشریح) مصنف: جناب میاں محمد صاحب نوشہروی ناشر: ادارہ عروجِ اسلام۔ حسنین آباد۔ وا لٹن۔ لاہور۔ ضخامت: ۴۰۰ صفحات۔ قیمت دو روپیہ

اس کتاب میں علامہ ابن رشد کی بدایۃ المجتہد کی کتاب الطہارۃ تا کتاب التیمم کا اردو ترجمہ اور تشریح جناب میاں محمد صاحب نوشہروی نے بدایۃ المعتقد کے نام سے کیا ہے۔ نصف صفحہ میں متن اور مقابل کے نصف میں ترجمہ ہے۔